کو یقینی بناتے ہیں، اور میر مٹھا خان کی شہادت اسی عظیم قربانی کی ایک مثال ہے۔ انہوں نے شہید افسر کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے میں ملوث دہشتگردوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے گی تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ہو سکے۔

# نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہے، میر لیاقت لہڑی

## مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں کھیلوں سمیت دیگر مثبت سرگرمیوں کے زیادہ مواقع فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں مناسب مواقع ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

فراہم کیے جائیں تو وہ نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی صوبے اور ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے یوم پاکستان اور رمضان سپورٹس فیسٹول کے سلسلے میں کرائے، سروس کنٹرولنگ ہال اور آل بلوچستان شہید میر عبدالروف جان لہڑی فٹبال ٹورنامنٹ کے افتتاح کے موقع پر کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کمیٹی آرگنائزر محمد عامر، محمد حسنی، شکیل مشوانی، نصیب اللہ، محمد شہی، منظور مشوانی سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے۔ پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی صحت مند نشوونما اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کا بہترین ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اسپورٹس ایونٹس نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھنے اور انہیں صحت مند ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں کھیلوں سمیت دیگر مثبت سرگرمیوں کے زیادہ مواقع فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرنا ایک مثبت

اور خوش آئند عمل ہے کھیلوں کے فروغ سے نہ صرف نوجوانوں کی صلاحیتیں نکھرتی ہیں بلکہ معاشرے میں اتحاد، نظم و ضبط اور بھائی چارے کو بھی فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرنے اور نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں کھیلوں کے مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی پاکستان اور صوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں۔

# بہتر مواصلاتی نظام ہی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے، سلیم کھوسہ

## محکمہ مواصلات و تعمیرات عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کر رہا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، پلوں اور بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، کیونکہ بہتر مواصلاتی نظام ہی پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کی ضمانت ہے یہ بات انہوں نے میڈیا کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کر رہا ہے اور صوبے کے دور دراز علاقوں کو مرکزی ......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

شاہراہوں سے منسلک کرنے کے لئے متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف سفر میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ تجارت، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ میر سلیم کھوسہ کا کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبوں پر کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوامی نمائندوں کی مشاورت سے ترقیاتی اسکیموں کو حتمی شکل دے رہی ہے تاکہ حقیقی عوامی مسائل کا مؤثر حل ممکن بنایا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ عوامی حلقوں نے وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہو کر علاقے کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

CamScanner

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 2 | Dated: 10 MAR 2026 | Page No. 19

## ریلوے اکانومی کلاس اور مال بردار ٹرین کے کرایوں میں اضافہ

### پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد مہنگائی کا طوفان برقرار

کوئٹہ (آن لائن) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافے کے بعد ٹرانسپورٹروں نے اندرون صوبہ اور ملک جانے والی گاڑیوں کے ......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کرایوں میں بے تحاشہ اضافہ کردیا اس کے علاوہ ریلوے حکام نے بھی اکانومی کلاس کے کرایوں میں 5 فیصد جبکہ دیگر کلاس کے کرایوں میں 10 فیصد اور مال بردار ٹرین کے کرایوں میں اضافہ کردیا گیا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں حکومت کی جانب سے عید الفطر سے قبل پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تقریباً 60 روپے سے زائد فی لیٹر اضافہ کیا گیا جس کی وجہ سے مہنگائی کا نیا طوفان برپا ہوگیا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث تمام اشیاء خوردونوش اور مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوگیا

## ایران سے تفتان کے راستے مزید 149 افراد کوئٹہ پہنچ گئے

### 53 زائرین، 3 سیاح، 8 بزنس مین اور 4 ورک ویزا ہولڈرز شامل

چاغی (آن لائن) تفتان بارڈر کے راستے پاکستانیوں کی وطن واپسی جاری، مزید 149 افراد پہنچ گئے، ایران سے تفتان بارڈر کے راستے پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور ......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

مزید 149 افراد پاکستان پہنچ گئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق آنے والوں میں 53 زائرین، 3 سیاح) ٹورسٹ(، 8 بزنس مین اور 4 ورک ویزا ہولڈرز شامل ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان کشیدہ صورتحال کے بعد اب تک مجموعی طور پر 2660 افراد ایران سے پاکستان پہنچ چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی کے مطابق ایران سے آنے والے پاکستانیوں کو پاکستان ہاؤس تفتان میں رہائش، خوراک اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تفتان پہنچنے والے تمام پاکستانیوں کو قافلوں کی صورت میں کوئٹہ روانہ کردیا جاتا ہے، جہاں سے وہ اپنے اپنے آبائی شہروں کو روانہ ہوجاتے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## گوادر کے متعدد اسکولوں کو ڈی ڈی او پاورز دینے کے احکامات

### اسکولوں کے انتظامی معاملات بہتر، اساتذہ کو درپیش مسائل میں نمایاں کمی آئے گی

گوادر (این این آئی) گوادر ضلع کے کئی سرکاری اسکولوں میں درپیش انتظامی مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت، سیکرٹری تعلیم بلوچستان کی جانب سے متعدد اسکولوں کو ڈی ڈی بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

او پاورز دینے کے احکامات جاری، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (جی ٹی اے) ضلع گوادر کی مسلسل جدوجہد اور کوششوں کے نتیجے میں ضلع کے کئی سرکاری اسکولوں میں درپیش انتظامی مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سیکرٹری تعلیم اسکولز بلوچستان نے گوادر کے متعدد اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریس کو ڈی ڈی او پاورز دینے کے باضابطہ احکامات جاری کردیے ہیں۔ ترجمان جی ٹی اے گوادر کے مطابق طویل عرصے سے بعض اسکولوں میں ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریس کے پاس ڈی ڈی او پاورز نہ ہونے کی وجہ سے نہ صرف اسکولوں کے انتظامی امور متاثر ہو رہے تھے بلکہ اساتذہ کو بھی مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 10 MAR 2026 Page No. 21

# قلات کے انتخابات میں دھاندلی کا کھیل دہرایا گیا تو نتائج تباہ کن ہونگے، مولانا عبدالواسع

بار بار عوامی مینڈیٹ کو پامال کیا جائے تو پھر لوگ گھروں سے نکلنے کی بجائے سیاسی عمل سے کنارہ کشی اختیار کریں گے، صوبائی امیر جمعیت

متنازع ریٹرننگ افسران کی تعیناتی سے واضح کہ ایک مخصوص جماعت کا راستہ روکنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے

جمعیت اس ملک میں جمہوریت کو محض ایک نعرہ نہیں بلکہ عوام کے حق حاکمیت کی مقدس امانت سمجھتی ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قلات اور خضدار کے انتخابات بلوچستان کی سیاسی تاریخ میں اہمیت کے حامل ہوں گے اگر ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی جھرلو انتخابات، انجینئرڈ انتخابات اور منظم دھاندلی کا وہی پرانا کھیل دہرایا گیا تو اس کے نتائج نہ صرف جمہوری عمل کیلئے تباہ کن ہوں گے بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی ہمیشہ کیلئے متزلزل کر دیں۔

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

گے۔ آج عوام میں یہ احساس شدت اختیار کر چکا ہے کہ اگر بار بار ان کے مینڈیٹ کو پامال کیا جائے گا تو پھر لوگ گھروں سے نکلنے کی بجائے سیاسی عمل سے ہی کنارہ کشی اختیار کریں گے، اور یوں بالآخر وہی عناصر تقویت پائیں گے جو پہلے دن سے یہ کہتے آئے ہیں کہ موجودہ انتخابی نظام اور اسمبلیاں عوامی مسائل کے حل کا موثر ذریعہ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے باشعور عوام یہ سوال بجا طور پر اٹھا رہے ہیں کہ جمیعت علماء اسلام کی جیتی ہوئی نشستوں کو آخر ڈھائی سال تک کس مقصد کے تحت روکے رکھا گیا؟ لاکھوں ووٹرز کو ان کے آئینی حق نمائندگی سے محروم رکھنا جمہوری اصولوں کی صریح پامالی اور عوامی مینڈیٹ کے ساتھ کھلا مذاق تھا۔ اور جب انتخابات کا اعلان کیا گیا تو اس کے ساتھ ہی حکومتی مشینری پوری قوت کے ساتھ متحرک کر دی گئی۔ متنازع ریٹرننگ افسران کی تعیناتی، انتظامی دباؤ، من پسند فیصلے اور طرح طرح کے ہتھکنڈے اس امر کا واضح ثبوت ہیں کہ ایک مخصوص جماعت کا راستہ روکنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے مولانا عبدالواسع نے مزید کہا کہ بلوچستان جیسے شورش زدہ اور حساس صوبے میں بار بار نئے سیاسی تجربات اور انجینئرڈ بندوبست مسلط کرنے کے نتائج بھی ارباب اختیار کے سامنے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی یہاں عوامی مینڈیٹ کو نظرانداز کر کے جھرلو انتخابات اور مصنوعی سیاسی سیٹ اپ نافذ کیے گئے تو اس کے اثرات نے نہ صرف جمہوری عمل کو کمزور کیا بلکہ عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کی خلیج کو بھی مزید گہرا کیا۔ سوال یہ ہے کہ کیا ماضی کے تلخ تجربات کے باوجود بھی وہی پرانی روش دہرائی جائے گی؟ کیا بلوچستان کو ایک مرتبہ پھر سیاسی تجربہ گاہ بنایا جائے گا یا اس بار واقعی عوام کے فیصلے اور ان کے مینڈیٹ کا احترام کیا جائے گا؟ انہوں نے کہا کہ جمیعت علماء اسلام اس ملک میں جمہوریت کو محض ایک نعرہ نہیں بلکہ عوام کے حق حاکمیت کی مقدس امانت سمجھتی ہے۔ لیکن جب اسی جمہوریت کو بار بار غلاقی سازشوں، مصنوعی بندوبست اور انجینئرڈ نتائج کے ذریعے مسخ کیا جائے تو پھر خاموش رہنا بھی جرم بن جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قائد جمعیت کی قیادت میں جلد ایک فیصلہ کن جمہوری و عوامی تحریک کا آغاز کیا جائے گا تاکہ جمہوریت کو اس کی اصل روح اور حقیقی شکل میں بحال کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب یہ ممکن نہیں رہا کہ ہر انتخاب میں جمعیت علماء اسلام کی جیتی ہوئی نشستوں کو منظم منصوبہ بندی کے تحت چھینا جائے اور پھر ہم سے مصلحت یا خاموشی کی توقع رکھی جائے۔ ہم اپنے ہر ایک ووٹر کے ووٹ کو امانت سمجھتے ہیں اور اس امانت کے تحفظ کے لئے ہر آئینی، جمہوری اور عوامی راستہ اختیار کریں گے۔ گزشتہ ڈھائی برسوں میں جس طرح عوامی وسائل کو ضائع کیا گیا، ترقیاتی عمل کو مفلوج کیا گیا اور صوبے کو مختلف بحرانوں کی دلدل میں دھکیلا گیا، اس کے بعد یہ سوال اب پوری شدت کے ساتھ سامنے آ چکا ہے کہ کیا مزید خاموش رہنا ممکن ہے؟ انہوں نے بلوچستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ 10 مارچ کو بھرپور طریقے سے گھروں سے نکلیں، اپنے ووٹ کا حق استعمال کریں اور صرف ووٹ ڈالنے تک محدود نہ رہیں بلکہ اس کے تحفظ کے لئے بھی میدان میں موجود رہیں۔ کیونکہ ووٹ صرف ایک پرچی نہیں بلکہ عوامی اختیار، جمہوری وقار اور سیاسی مستقبل کی ضمانت ہے، اور اس کی حفاظت ہی دراصل جمہوریت کی حقیقی حفاظت ہے۔

# طاقت کے استعمال سے حالات پہلے ٹھیک ہوئے نہ آئندہ ہونگے، لیاقت بلوچ

بلوچستان کے مسائل کا حل نظرانداز کرنے سے نہیں، سیاسی مکالمے، آئینی بالادستی اور جائز حقوق دینے سے ممکن ہے، مولانا ہدایت الرحمان

بلوچستان کو طویل عرصے سے بیروزگاری، ناخواندگی، بدامنی اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، نعیم رند، ارشد یوسفزئی

تجارت میں رکاوٹوں اور شاہراہوں کی بار بار بندش نے کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا، ذمہ داران کے اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر، ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کا حل طاقت یا نظرانداز کرنے سے نہیں بلکہ سیاسی مکالمے، آئینی بالادستی اور عوام کو ان کے جائز حقوق دینے سے ممکن ہے حکومت کو چاہیے کہ وہ بلوچستان کے عوام کے معاشی، تعلیمی اور سماجی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اور موثر اقدامات کرے جماعت اسلامی...

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کے ہنر قابل پروگرام و دیگر خدمات میں بہتری و وسعت لے آئیں گے۔ ہارڈ ر شاہراہیں، انٹرنیٹ و تجارت کی بندش طاقت کے استعمال سے نہ پہلے حالات ٹھیک ہوئے نہ آئندہ ممکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جماعت اسلامی بلوچستان کی صوبائی و کوئٹہ کے ذمہ داران اور سیاسی کمیٹی کے مشترکہ مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں بلوچستان کی سیاسی پارلیمانی صورتحال، امن وامان، بدامنی، بے روزگاری، غربت، لاپتہ افراد، بارڈرز، مین شاہراہوں، انٹرنیٹ، تجارت کی بندش، جماعت اسلامی کی تنظیمی صورتحال و آئندہ لائحہ عمل پر طویل مشاورت ہوئی اور عوام کو درپیش سنگین مسائل پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نائب امیر پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی، جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امراء عبدالمتین اخوندزادہ، زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطاء الرحمان، ڈاکٹر شکیل روشن، حافظ نور علی، مولانا محمد عارف دمڑ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری نورالدین غلزئی صابر صالح پانیزئی، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی، اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان کے ناظم احسان اللہ ناصر، این ایل ایف، پریم یونین کے ارشد یوسفزئی، جماعت اسلامی کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند، میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر، سوشل میڈیا کے اسامہ ہاشمی روح اللہ سالار ودیگر شریک ہوئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 10 MAR 2026

Page No. 22

# فائرنگ سے پولیس ہیڈ کانسٹیبل شہید، دیگر واقعات میں 6 جاں بحق

**پولیس تھانہ سٹی گنداواہ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس ہیڈ کانسٹیبل سید یعقوب شاہ شہید ہوا**

**تھانہ سونا خان کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم، 3 افراد جاں بحق 2 زخمی ہوگئے**

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر، نمائندے) تھانہ سونا خان کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور 2 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تھانہ سونا خان کے علاقے میں مستونگ روڈ پر تیز رفتار گاڑی، موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق اور دو زخمی ہوگئے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔ گنداواہ سے کوٹو جاتے ہوئے تبا کے مقام پر پولیس........

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

تھانہ سٹی گنداواہ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں پولیس ہیڈ کانسٹیبل سید یعقوب شاہ شہید ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہیڈ کانسٹیبل سید یعقوب شاہ اپنی ڈیوٹی مکمل کرنے کے بعد سحری کے لیے گھر جارہے تھے کہ راستے میں گھات لگائے نامعلوم مسلح افراد نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی۔ شدید فائرنگ کے باعث وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جبکہ حملہ آور شہید اہلکار کا سرکاری اسلحہ اور ذاتی موٹر سائیکل بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے جبکہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور ملزمان کو جلد گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال پولیس تھانے کی حدود میں قومی شاہراہ ہادی بخش ناڑور کے مقام پر گھات لگائے بیٹھے مسلح افراد کی فائرنگ سے لہڑی قبیلے ڈیرہ مراد جمالی کی اہم شخصیت عبدالسلام لہڑی موقع پر ہی جاں بحق جبکہ فائرنگ سے عبدالمالک لہڑی زخمی ہوگیا واردات کے بعد ملزمان فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی مرنے والے اور زخمی کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ تربت کے علاقے میں موٹر سائیکل کی ٹکر سے ایک شخص ہلاک ہوگیا

## خضدار، مسلح جتھے کا مظلوم خاندان پر حملہ، خواتین سمیت 15 افراد زخمی

**بے گناہ خاندان پر حملہ قابل مذمت ہے، رہنما، جمعیت میر اسماعیل زہری**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے نواحی علاقہ فیروز آباد گنج میں بے گناہ روزہ دار خاندان پر وحشیانہ حملہ 15 افراد شدید زخمی خواتین کو چہرے پر ضربیں لگائی گئیں جو شدید زخمی ہیں پولیس انچارج موقع سے فرار ہوگیا، متاثرین کا موقف تفصیلات کے مطابق خضدار کے نواحی علاقہ فیروز آباد گنج میں ایک جتھے نے گھر میں گھس کر لاٹھیوں، ڈنڈوں اور پتھروں سے بے دردی سے حملہ کیا۔ حملہ آوروں نے خواتین کو بخشا اور نہ ہی بچوں کو۔ اس وحشیانہ کارروائی میں تین خواتین سمیت چندرہ بے گناہ افراد شدید زخمی ہوگئے جن میں گھریلو خواتین مسماۃ سیب، مسماۃ........

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ساجدہ، صائقہ، نائف، مزمل، عبدالوحید، محمد اسلم، ابراہیم، سکندر، شہباز اور دیگر شامل ہیں۔ تمام زخمیوں کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال میں لایا گیا متاثرین زہری قبیلہ و جمعیت علماء اسلام ضلع خضدار کے سینئر رہنما میر محمد اسماعیل زہری کے قریبی رشتہ دار ہیں۔ یہ خاندان روزے کی حالت میں تھا اور کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی میں ملوث نہیں تھا حملے کے فوراً بعد انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل، عبدالسلام مینگل، عبداللہ شاہوانی، حافظ بلال احمد مردوئی، عبدالجبار حسنی سمیت دیگر شخصیات ہسپتال پہنچ گئے انہوں نے زخمیوں کی عیادت کی، اور بہتر علاج کے تمام انتظامات یقینی بنائے۔

## ضلع کیچ میں فورسز کی گاڑی پر حملہ، 3 اہلکار زخمی، بلیدہ میں 2 بوزر گاڑیاں نذر آتش

**سیکورٹی اہلکار معمول کے گشت پر تھے مسلح افراد نے اچانک حملہ کیا، فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری**

**بلوچستان کے علاقے بلیدہ میں نامعلوم افراد نے 2 گیس بوزر گاڑیوں پر فائرنگ کر کے نذر آتش کر دیا**

تربت (یو این اے، آن لائن) ضلع کیچ کے مختلف علاقوں میں تخریب کاری کے دو الگ الگ واقعات پیش آئے ہیں جن میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا اور دو گیس باوزر گاڑیوں کو آگ لگادی گئی۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ضلع کیچ کے علاقے تجابان میں معمول کے گشت پر مامور سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں تین سیکیورٹی اہلکار زخمی ہوگئے۔ واقعے کے فوراً بعد امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔ دوسری جانب بلیدہ کراس کے قریب مسلح افراد نے دو گیس........

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

باوزر گاڑیوں کو روک کر فائرنگ کی اور بعد ازاں انہیں نذر آتش کر کے موقع سے فرار ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق گاڑیوں کو مکمل طور پر جلانے سے بھاری نقصان ہوا ہے تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دونوں واقعات کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی گرفتاری کے لیے وسیع پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کردیا ہے جبکہ حکام ان واقعات کے محرکات کی تحقیقات کررہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق۔ بلوچستان کے بلیدہ میں نامعلوم افراد نے 2 گیس بوزر گاڑیوں پر فائرنگ کر کے نذر آتش کردیا اور فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلیدہ کراس کے قریب 2 گیس بوزر گاڑیوں کو نامعلوم افراد نے روک کر فائرنگ کردی اور دونوں کو آگ لگادی اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

## نانجی پور ڈاکو شہری سے موٹر سائیکل چھین کر فرار

نانجی پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور پولیس تھانہ پنہور سنہڑی کی حدود وسیم شاخ نالائی کے مقام پر گزشتہ روز صبح سویرے مبینہ طور پر تین نامعلوم ڈاکوؤں نے جدید اسلحہ کے زور پر برکت علی بھنگر سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے واقعہ کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔

INTEKHAB QUETTA

## خضدار سے اغوا تعمیراتی کمپنی کے 11 مزدوروں کو چھوڑ دیا گیا

خضدار (نامہ نگار) خضدار سولہ میں کنسٹرکشن کمپنی کے اغوا ہونے والے مزدوروں کو چھوڑ دیا گیا۔ اغوا ہونے والے مزدوروں کی تعداد 11 تھی جنہیں ایک ہفتہ قبل مسلح افراد نے اغوا کرلیا تھا۔ جنہیں گزشتہ روز اغوا کاروں نے چھوڑ دیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 10 MAR 2020 Page No. 23

# رمضان المبارک میں انتظامیہ خود ساختہ مہنگائی پر قابو نہ پاسکی، غریب پریشان

## عوام کو رمضان المبارک میں ریلیف نہ دینے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

**کوئٹہ میں مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر پہنچ چکی تمام ضروری اشیاء غریب عوام کی دسترس سے باہر ہو گئیں**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں رمضان المبارک کا پہلا عشرہ مکمل ہونے کو ہو لیکن انتظامیہ اور متعلقہ ادارے مہنگائی کو کنٹرول اور عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر پہنچ چکی ہے تمام ضروری اشیاء غریب عوام کی دسترس سے باہر ہو چکی ہے واضح رہے کہ حکومت نے رمضا المبارک سے قبل یہ اعلان کیا ہے کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف اور مہنگائی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کریگے اس وقت کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان میں مہنگائی عروج پہ پہنچ چکی ہے روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کر لیا تندور والوں نے روٹی کی وزن میں کمی کر دی گئی پوچھنے اور منع کرنے والے کوئی نہیں ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اس مہنگائی میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ برابر کے شریک ہے عوامی حلقوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو رمضان المبارک میں ریلیف اور مہنگائی کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے۔

# بی ڈی اے ملازمین 5 ماہ سے تنخواہوں سے محروم، عید کی خوشیاں ماند پڑ گئیں

## ملازمین کا کوئی پرسان حال نہیں، نیو ریگولر ملازمین کو آرڈر فراہم کرنے میں ٹال مٹول کیا جارہا ہے، سٹاف ایسوسی ایشن

**محکمہ گراؤنڈ واٹر، کاٹن فیکٹری، کرومائٹ پلانٹ، ماربل فیکٹری، سول ورک و دیگر اثاثے فعال کرنے میں ناکام ہے**

کوئٹہ (پ ر) بی ڈی اے اسٹاف ایسوسی ایشن کے آفس میں ائے ملازمین کی وفد سے ملاقات کرتے ہوئے بی ڈی اے اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر مقصود الرحمان بازئی نے کہا کہ ملازمین نان شبینہ کے محتاج ہیں ملازمین تنخواہوں سے پانچ مہینوں سے محروم ہیں رمضان تو فاقہ کشی میں گزر گیا اب عید کی خوشیوں سے بچوں سمیت محروم ہو رہے ہیں دفتر میں نہ ہی کوئی ملازمین کا حال پوچھنے والا ہے دو دفعہ بورڈ میٹنگ ہوا ہے اور کوئی بھی پرموشن ملازمین کو نہیں مل سکا نیو ریگولر ملازمین کو آرڈر فراہم کرنے کے لیئے ٹال مٹول سے کام لیا جارہا ہے دوسری طرف دفتر میں آپس میں انتظامیہ کی لڑائی میں وکیلوں کی وکالت زور و شور سے چل رہی ہے اور چیئرمین بی ڈی اے اپنی کرسی بچانے میں مصروف ہیں بی ڈی اے کے اثاثوں کو اونے پونے فروخت کیا جا رہا ہے، ملازمین یاد رکھیں یہ سرکی روڈ کا آفس اور ملبہ نہیں بلکہ ملازمین کے بچوں اور ان کے مستقبل کا سودا کیا گیا ہے جو کہ غیر قانونی ہے چار سال میں انتظامیہ گراونڈ واٹر۔ کاٹن فیکٹری۔ کرومائٹ پلانٹ۔ ماربل فیکٹری۔ سول ورک۔ گڈانی سمیت تمام اثاثے کو فعال کرنے میں مکمل ناکام رہے ہیں لیکن ایک بات ماننے کی ہے ایک ملازم کو گریڈ ملنے میں پاکستان کا تمام قانون یاد آتا ہے لیکن دو دفعہ ریٹائر اور بلوچستان ہائی کورٹ سے فارغ ملازم کو کنٹریکٹ اور پھر بی سی ایس سی ایس کیڈر کے سیٹ چیئرمین 21 گریڈ کا چارج دینا حکومت بلوچستان کیلئے سوالیہ نشان ہے بی ڈی اے اسٹاف ایسوسی اے بلوچستان کے تمام اداروں سے بی ڈی اے کے غیر قانونی اقدام کی انکوئری کی اپیل کرتے ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں کہ بی ڈی اے ملازمین کی تنخواہیں ادا کی جائے۔

AZADI QUETTA

# کوہلو نادرا آفس میں فی میل اسٹاف نہ ہونے سے مشکلات کا سامنا

## صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے تاکہ مقامی خواتین کی مشکلات میں کمی واقع ہو سکے، عوامی حلقے

**کوہلو ایک قبائلی علاقہ ہے جہاں خواتین پہلے ہی مختلف سماجی مسائل کا سامنا کرتی ہیں، حکام توجہ دیں**

کوہلو (آن لائن) ضلع کوہلو میں قائم نادرا آفس میں فی میل اسٹاف نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے فی میل اسٹاف تعینات کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں قائم نادرا آفس کی مجموعی کارکردگی قابل ستائش قرار دی جا رہی ہے، بالخصوص سنٹر انچارج فاروق مری اور شوکت مری کی خدمات کو عوام نے سراہا ہے۔ تاہم آفس میں خواتین عملے کی عدم موجودگی کے باعث خواتین سائلین کو مختلف امور کی انجام دہی میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ مقامی شہریوں اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوہلو ایک قبائلی علاقہ ہے جہاں خواتین پہلے ہی مختلف سماجی مسائل کا سامنا کرتی ہیں، اس لیے (بقیہ نمبر4 صفحہ نمبر5 پر)

نادرا آفس میں فی میل اسٹاف کی عدم موجودگی ان کے لیے مزید مشکلات کا باعث بن رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ خواتین کی سہولت کے لیے فوری طور پر فی میل اسٹاف تعینات کیا جائے تاکہ خواتین کو درپیش مسائل کا ازالہ ہو سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 6
Dated: 10 MAR 2026 Page No. 04

# عید کے قریب آتے ہی دکانداروں نے لوٹ مار کا بازار گرم کر دیا

## مہنگائی کے باوجود لیاقت بازار پھول بازار مسجد روڈ کے شاپنگ سنٹرز میں خریداروں کا رش بڑھ گیا

**شہریوں کا امن قائم کرنے پر سیکورٹی اداروں کا شکریہ، ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ**

کوئٹہ (اے پی پی) عیدالفطر کی آمد آمد ہے۔ ملک بھر کی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ایئرپورٹ لیاقت بازار ہاروں سینٹرز دواود سینٹر غوث آباد چاندی چوک اور سریاب روڈ اور دیگر میں شاپنگ سنٹرز میں شہروں کی عید کے خریداروں کا رش تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شہر اور نواحی علاقوں سے خواتین، بچوں اور نوجوانوں نے عید کی خریداری کے لیے بازاروں کا رخ کر لیا جبکہ لیڈیز مارکیٹ میں رش بڑھنے لگا اس موقع پر خریداری کرنے آئی ہوئی خواتین نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر کی تیاریاں آخری مراحل میں ہے کوئٹہ کے مختلف بازاروں میں عید کے خریداروں کا رش بڑھتا جا رہا ہے عید کے خریداروں سے کھچا کھچ بھرے رہتے ہیں خاص طور پر لیڈیز مارکیٹ میں عید کی خریداری کے لیے مختلف علاقوں سے آنے والی خواتین کا بہت رش ہے۔ انہوں نے کہا کہ الحمد اللہ کوئٹہ میں سیکورٹی کے انتظامات بہت بہتر ہیں خریداری کرنے آئے ہوئے خواتین کا کہنا ہے کہ کوئٹہ میں امن دامان بحال کرنے کے لیے صوبائی حکومت کا شکریہ جنہوں نے عید کے موقع پر سیکورٹی کو یقینی بنایا ہے اور عوام اپنے بچوں کے ساتھ پرسکون خریداری میں مصروف ہیں

# عیدالفطر کی آمد کوئٹہ میں چوریوں، ڈکیتیوں اور راہزنی میں اضافہ

**ریسانی روڈ و گردونواح میں فوری طور پر پولیس گشت بڑھانے کا مطالبہ کرتے ہیں، فیض اللہ، محبوب لالا، عطاء اللہ، نصراللہ**

## نواں کلی میں موٹر سائیکلیں اور موبائل چھیننا معمول بن گیا ہے، نوجوانوں کو اپنی دکانوں میں نہ صرف لوٹا جا رہا ہے بلکہ قتل کیا جا رہا ہے

**ریسانی روڈ و گردونواح اور نواں کلی و اطراف کے رہائشیوں نے حکومت سے ڈاکوؤں کا خاتمہ اور قیام امن کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں رمضان المبارک اور عیدالفطر قریب آتے ہی راہزنی کی وارداتوں میں اضافہ، عوام پریشان، ریسانی روڈ و گردونواح اور نواں کلی و اطراف میں فوری طور پر پولیس گشت بڑھانے کا مطالبہ کرتے ہیں، مشرق سرود ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے فیض اللہ، محبوب لالا، عطاء اللہ، نصراللہ و دیگر نے بتایا ہے کہ ریسانی روڈ جنگل باغ چوک چوروں اور لٹیروں کا گڑھ بن چکا ہے۔ نواں کلی کے رہائشیوں حاجی غلام قادر، شاہ فہد خان، سید بشیر آغا، جلال خان کاکڑ و دیگر نے بھی یہی شکوہ کیا نواں کلی و اطراف بدترین بدامنی کا شکار ہیں، علاقہ چوروں اور لٹیروں کا گڑھ بن چکا ہے۔ دن دہاڑے موٹر سائیکلیں اور موبائل چھیننا روز کا معمول بن گیا ہے۔ دکانوں میں ڈکیتیاں ہو رہی ہیں۔ نوجوانوں کو اپنی دکانوں میں نہ صرف لوٹا جا رہا ہے بلکہ قتل کیا جا رہا ہے۔ چاروں طرف سیکیورٹی کیمرے کے ہوتے ہوئے وارداتوں کا ہونا اور موقع واردات سے فرار ہونا ایک سوالیہ نشان ہے۔ لگتا ہے ڈیپارٹمنٹ متعلقہ انتظامیہ امن و امان بحال کرنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے اور سیف سٹی کے نام پر کروڑوں کے رلم سے نصب کیمرے صرف نمائش کے لیے لگے ہیں پولیس کا گشت نہ ہونے کے برابر ہے، جس کی وجہ سے چور بلاخوف وارداتوں میں مصروف رہتے ہیں اور عوام کو چوروں کے رحم و کرم پہ چھوڑ دیا گیا ہے پولیس کے حکام بالا سے گزارش ہے کہ ایسے حساس علاقوں میں پولیس کا گشت بڑھایا جائے تاکہ جرائم پیشہ افراد سے عوام محفوظ رہے امید ہے SP سریاب IG, DIG اور حکام بالا عوامی مسئلے پر توجہ فرما کر امن و امان بحال کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

INTEKHAB QUETTA

# گوادر سرحدی علاقوں میں ایندھن کے ڈپو تباہ، نقصانات کا ازالہ کیا جائے، متاثرین

## مچین کاپر، کنٹانی میں تیل ڈپو نذر آتش کیے گئے، سرحدی تیل کی تجارت سے وابستہ ہیں اور روزگار کا بنیادی ذریعہ یہی ہے

**حکومت بنیادی سہولیات اور متبادل روزگار فراہم کرے، محدود کاروبار ختم کرنا ناانصافی، سرحدی علاقوں میں روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں، متاثرہ افراد**

گوادر (این این آئی) گوادر کے سرحدی علاقوں میں کارروائی کے دوران ایندھن کے ڈپو تباہ، مقامی افراد کا معاشی بحران کا خدشہ، سرحدی تیل تجارت متاثر، کنٹانی میں ڈپو جلنے سے درجنوں خاندانوں کا روزگار خطرے میں، لاکھوں روپے کا نقصان، گوادر کے سرحدی علاقے مچین کاپر، کنٹانی میں تیل ڈپوز نذر آتش۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گوادر کے دور دراز سرحدی علاقے مچین کاپر، کنٹانی میں ایندھن اور تیل کے کاروبار سے وابستہ افراد کے ڈپوز اور ٹھکانے نذر آتش ہونے کا واقعہ پیش آیا ہے۔ مقامی تیل ڈیلرز نے الزام عائد کیا ہے کہ فورسز کی کارروائی کے دوران ان کے ایندھن کے

بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

ذخائر اور کاروباری ڈھانچے کو نقصان پہنچایا گیا۔ متاثرہ افراد کے مطابق کنٹانی اور مچین کاپر کے علاقے میں ضلع گوادر سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد طویل عرصے سے محدود پیمانے پر سرحدی تیل تجارت سے وابستہ ہیں اور یہی ان کے خاندانوں کے لیے روزگار کا بنیادی ذریعہ ہے۔ مقامی ڈیلرز کا کہنا ہے کہ اس دور دراز علاقے میں روزگار کے دیگر مواقع نہ ہونے کے باعث وہ سخت حالات میں یہ کاروبار کرتے ہیں۔ ایک مقامی تیل ڈیلر نے بتایا کہ حکومت بلوچستان اور متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ وہ علاقے کے لوگوں کو بنیادی سہولیات اور متبادل روزگار فراہم کریں، مگر اس کے برعکس ان کے محدود کاروبار کو بھی ختم کیا جا رہا ہے۔ متاثرہ افراد نے اس کارروائی کو ناانصافی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ [illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 10 MAR 2026 Page No. 05

# محکمہ داخلہ بلوچستان کا ہائی الرٹ جاری

بلوچستان گزشتہ کئی دہائیوں سے شورش، دہشت گردی اور مختلف نوعیت کے سیکورٹی مسائل کا سامنا کرتا رہا ہے۔ اگرچہ ریاستی اداروں کی کارروائیوں کے نتیجے میں حالات میں بہتری بھی آئی ہے، لیکن وقتاً فوقتاً سامنے آنے والے ایسے تھریٹ الرٹس اس بات کی یاد دہانی کراتے ہیں کہ خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا۔ خاص طور پر جب دہشت گرد عناصر سیاسی قیادت کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کریں تو اس کے اثرات صوبے کی مجموعی سیاسی فضا پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق دہشت گرد عناصر کی جانب سے منتخب نمائندوں کو نشانہ بنانے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ اس تناظر میں اپوزیشن لیڈر میر یونس زہری، اصغر خان ترین، زابد ریکی، مولانا عبدالواسع اور مولانا عبدالغفور حیدری کے نام خاص طور پر سامنے آئے ہیں۔ محکمہ داخلہ نے صوبے کے تمام کمشنرز، ڈی آئی جیز پولیس اور فرنٹیئر کور کو ہدایت دی ہے کہ ان رہنماؤں کی سیکورٹی کا فوری آڈٹ کیا جائے، ان کے گھروں اور دفاتر کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے اور خطرے کے مطابق سیکورٹی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے سیکورٹی آڈٹ، نگرانی میں اضافہ اور انٹیلی جنس اداروں کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے کی ہدایات ایک مثبت قدم ہیں۔ دہشت گردی جیسے پیچیدہ خطرے سے نمٹنے کے لیے صرف پولیس یا ایک ادارے کی کوشش کافی نہیں ہوتیں بلکہ مربوط انٹیلی جنس نظام اور مختلف اداروں کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہوتا ہے۔ اس ضمن میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ اور انٹیلی جنس برانچ کا کردار انتہائی اہم ہے کیونکہ بروقت معلومات ہی دہشت گردی کے کسی بھی منصوبے کو ناکام بنانے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ ایک اور اہم پہلو یہ بھی ہے کہ بلوچستان کی سیاسی قیادت کو محفوظ ماحول فراہم کرنا جمہوری عمل کے تسلسل کے لیے ناگزیر ہے۔ اگر منتخب نمائندے خود کو غیر محفوظ محسوس کریں تو اس کا اثر نہ صرف ان کی سیاسی سرگرمیوں پر پڑتا ہے بلکہ عوامی مسائل کے حل کا عمل بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ اس لیے ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاسی قیادت کے تحفظ کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھے۔ تاہم اس مسئلے کا حل صرف حفاظتی اقدامات تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی استحکام، معاشی ترقی اور عوامی اعتماد کو بھی مضبوط بنایا جائے۔ جب عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد بڑھے گا اور نوجوانوں کو ترقی کے مواقع میسر آئیں گے تو شدت پسند عناصر کے لیے اپنے مذموم مقاصد کے لیے زمین ہموار کرنا مشکل ہو جائے گا۔ بلوچستان پاکستان کا ایک اہم اور حساس صوبہ ہے جس کی سلامتی اور استحکام پورے ملک کے لیے ناگزیر ہے۔ اس لیے موجودہ تھریٹ الرٹ کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے نہ صرف فوری حفاظتی اقدامات کیے جائیں بلکہ طویل المدتی حکمت عملی کے تحت ایسے تمام عناصر کا قلع قمع کیا جائے جو صوبے میں خوف اور عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ جمہوریت کی مضبوطی اسی وقت ممکن ہے جب منتخب نمائندے محفوظ ہوں اور عوام کو یہ یقین ہو کہ ریاست ان کے امن اور استحکام کے لیے پوری طرح متحرک ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 10 MAR 2026 Page No. 26

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا صوبے کی ترقی وخوشحالی کا وژن، اپیکس کمیٹی کا اجلاس، گڈ گورننس کیلئے موثر اقدامات!

بلوچستان میں گورننس اور صوبے کی معاشی ترقی ،امن، استحکام کیلئے بلوچستان حکومت کی جانب سے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ خطے میں غیر یقینی کی صورتحال اور صوبے میں دہشت گردی جیسے واقعات کے باوجود صوبائی حکومت کی توجہ صوبے کی فلاح وترقی پر مرکوز ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے عوامی ترقی سمیت صوبے کے وسیع تر مفاد کیلئے اہم اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ گزشتہ دنوں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی اپیکس کمیٹی کا 21 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی اپیکس کمیٹی نے پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے استعمال کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور موثر دفاعی حکمت عملی اور بروقت جوابی کارروائیوں پر پاک فوج کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا گیا۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بلوچستان سے 7 لاکھ 21 ہزار جبکہ مجموعی طور پر بلوچستان کے راستے تقریباً 10 لاکھ افغان مہاجرین کو واپس بھجوایا جاچکا ہے جبکہ غیرقانونی طور پر مقیم غیرملکیوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہنے، مستند اطلاع دینے والے کے لیے 50 ہزار روپے انعام مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پوست کی کاشت میں ملوث عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنے اور 330 افراد کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا ہے۔ اجلاس میں ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث 9 افسران کے خلاف کارروائی کا آغاز جبکہ برطرفی کے لیے شوکاز نوٹس بھی جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اپیکس کمیٹی کے اجلاس میں دہشت گردی میں ملوث عناصر کے اہل خانہ کی جانب سے اظہار لاتعلقی کو مثبت پیش رفت قرار دیا گیا۔ ایف آئی اے کی بلوچستان میں حوالہ ہنڈی اور بھتہ خوری کے خلاف موثر کارروائیوں پر بھی بریفنگ دی گئی۔ ایف آئی اے حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ 24 ملزمان کو گرفتار جبکہ 16 کو سزائیں دلوائی گئیں، مزید کارروائیاں جاری ہیں۔ صوبائی اپیکس کمیٹی کا ایف آئی اے کی کارکردگی میں بہتری پر اظہار اطمینان اور اقدامات مزید موثر بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اپیکس اجلاس کے دوران بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایک سال کے دوران 2 لاکھ آوٹ آف اسکول بچوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کیا گیا جبکہ بلوچستان کی 12 جامعات میں سے 10 میں بائیو میٹرک حاضری نظام نصب کردیئے گئے۔ اپیکس کمیٹی کی آئندہ مرحلے میں کالجز اور اسکولوں میں بھی بائیو میٹرک نظام کی تنصیب یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اپیکس کمیٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ ڈیٹرنس کے موثر نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے، معاشرے میں ریاستی رٹ مستحکم ہورہی ہے، دہشت گردی کے خلاف ریاستی بیانیے کو مضبوط اور واضح بنانا ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مزدور کا بچہ مزدور نہیں رہے گا، تعلیم اور میرٹ کے ذریعے نئی منزلیں حاصل کرے گا، رواں سال 5 مزدوروں کے بچوں کا پی اے ایف میں منتخب ہونا صوبے کے لیے قابل فخر اعزاز ہے، 28 ہزار بلوچ نوجوان پاکستان آرمی اور ایف سی میں خدمات انجام دے رہے ہیں، یہ بلوچستان کی حب الوطنی کا ثبوت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ امن و استحکام کے قیام کے لیے تمام ریاستی ادارے ایک صفحے پر ہیں، کسی کو صوبے کا امن سبوتاژ نہیں کرنے دیں گے۔ بلوچستان میں ترقی، تعلیم اور روزگار کے مواقع بڑھانا ہی پائیدار امن کی ضمانت ہے، ریاست کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کے لیے کوئی رعایت نہیں ہوگی، قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بہرحال وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں بہتر گورننس کے قیام، امن ،ترقی، خوشحالی کیلئے ٹیم ورک کے ذریعے کام کررہے ہیں، ان کی مکمل توجہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نکالنے اور نچلی سطح تک ترقی کے ثمرات پہنچانے پر لگی ہوئی ہے تاکہ صوبے کی عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلی آئے، عوام کو بنیادی سہولیات فراہم ہوسکیں۔ موجودہ حالات میں اپیکس کمیٹی کا اجلاس صوبائی حکومت کی صوبے میں ترقی کے وژن کو واضح کرتی ہے کہ موجودہ قیادت صوبے کے مسائل حل کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے تاکہ محرومیوں وپسماندگی کا خاتمہ یقینی ہو، ترقی وخوشحالی کی رفتار تیز ہونے کے ساتھ گورننس مزید بہتر ہو۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 MAR 2026 Page No. 27

# تربت میں گرین بس سروس۔۔۔ترقی کی طرف ایک اہم قدم

بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہی ہے۔ بالخصوص شہری ٹرانسپورٹ کا مسئلہ کئی برسوں سے عوام کے لیے مشکلات کا سبب بنا ہوا تھا۔ ایسے میں تربت میں گرین بس سروس کا آغاز ایک مثبت پیش رفت قرار دیا جاسکتا ہے جو نہ صرف شہریوں کو بہتر سفری سہولت فراہم کرے گا بلکہ علاقے میں ترقی اور جدید شہری نظام کی طرف ایک اہم قدم بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ تربت میں اس منصوبے کا افتتاح وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کیا، جبکہ اس موقع پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی سمیت دیگر صوبائی وزراء اور حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ نے اس منصوبے کو ضلع کیچ کے عوام کے لیے ایک تحفہ قرار دیا اور کہا کہ بلوچستان میں کوئٹہ کے بعد تربت دوسرا شہر ہے جہاں گرین بس سروس شروع کی گئی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ بلوچستان کے بیشتر شہروں میں منظم پبلک ٹرانسپورٹ کا نظام موجود نہیں، جس کی وجہ سے شہریوں کو آمد و رفت کے لیے مہنگے اور غیر منظم ذرائع پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ ایسے حالات میں گرین بس جیسے منصوبے شہری زندگی میں نمایاں بہتری لا سکتے ہیں۔ جدید اور منظم ٹرانسپورٹ نہ صرف لوگوں کے سفر کو آسان بناتی ہے بلکہ شہر کی معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ دیتی ہے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی کے مطابق اس منصوبے کے تحت ڈی بلوچ سے آبسر روڈ تک تقریباً 18.4 کلومیٹر طویل روٹ پر بسیں چلیں گی اور اس کے لیے متعدد اسٹیشنز بھی قائم کیے گئے ہیں۔ اندازہ ہے کہ اس سروس سے روزانہ ہزاروں مسافر مستفید ہوں گے۔ اس سے شہریوں کے لیے محفوظ اور معیاری سفر کی سہولت میسر آئے گی اور شہر کے ٹریفک نظام میں بھی بہتری آئے گی۔ اس منصوبے کی ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ حکومت آئندہ سال کیچ میں خواتین کے لیے خصوصی پنک بس سروس شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ خواتین کے لیے محفوظ اور آسان سفری سہولتیں کسی بھی معاشرے کی ترقی کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ اگر یہ منصوبہ عملی شکل اختیار کر لیتا ہے تو اس سے خواتین کی تعلیم، روزگار اور سماجی سرگرمیوں میں شرکت مزید آسان ہوسکتی ہے۔ تاہم یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی صرف افتتاح تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ ان کے تسلسل اور بہتر انتظام کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ ماضی میں کئی منصوبے ایسے بھی رہے ہیں جو شروع تو بڑے جوش و خروش سے کیے گئے لیکن بعد میں دیکھ بھال اور انتظامی کمزوریوں کے باعث مطلوبہ نتائج نہ دے سکے۔ اس لیے ضروری ہے کہ گرین بس سروس کے نظام کو مستقل بنیادوں پر مؤثر انداز میں چلایا جائے اور اس کی دیکھ بھال کو یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان جیسے وسیع اور وسائل سے مالا مال صوبے میں ترقی کے امکانات بہت زیادہ ہیں، لیکن ان امکانات کو حقیقت میں بدلنے کے لیے بنیادی سہولتوں کی فراہمی ناگزیر ہے۔ بہتر سڑکیں، تعلیمی ادارے، صحت کی سہولتیں اور جدید ٹرانسپورٹ نظام عوام کی زندگی میں نمایاں تبدیلی لا سکتے ہیں۔ تربت میں گرین بس سروس کا آغاز اسی سمت میں ایک مثبت قدم ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 MAR 2026 Page No. 28

# Focusing bordering districts

The intensifying conflict centered on Iran, marked by the recent military strikes and the ensuing regional instability, has cast a long and chilling shadow over the bordering districts of Balochistan. For the residents of the Makran and Rakhshan divisions spanning districts like Gwadar, Kech, Panjgur, Chagai, and Washuk this is not merely a distant geopolitical event; it is an immediate threat to their survival. For decades, these border communities have existed in a state of "informal" economic integration with Iran, relying on a cross-border flow of commodities that provides nearly 80% of their food and fuel. With the recent closure of key crossings the lifeline that sustains hundreds of thousands of people has been abruptly severed. The provincial government must recognize that the historical neglect of these regions' connectivity to the Pakistani mainland has left them uniquely vulnerable to this external shock. The current crisis has exposed the fragile reality that Pakistani-produced fuel and food supplies rarely reach these western outposts in sufficient or affordable quantities. As Iranian exports are halted to prioritize its own wartime needs, the price of basic staples like flour, cooking oil, and LPG has already begun to skyrocket in local markets, with reports of costs doubling in remote towns like Mashkel. This is not just a logistical hurdle; it is a burgeoning humanitarian disaster. The fishing industry in Gwadar, already reeling from high operational costs, faces a total standstill as Iranian diesel the only affordable energy source for local boats disappears from the black market. If the Balochistan government does not intervene with a specialized supply chain strategy, the "informal" economy that has long been the region's backbone will collapse, leaving a vacuum that could lead to widespread social unrest and extreme food insecurity. The provincial administration must pivot from reactive concern to proactive emergency management. It is essential that the government establishes "green corridors" to transport essential commodities from the country's central hubs directly to the border districts at subsidized rates. Relying on the hope that the border will reopen is no longer a viable policy; instead, the state must bridge the geographic divide by improving road networks and setting up temporary warehouses for grain and fuel. Furthermore, the authorities must crack down on the internal hoarding that invariably accompanies such crises, ensuring that whatever stock remains is sold at regulated, affordable prices. The people of Balochistan's borderlands have long lived on the periphery of the state's attention; in this hour of regional war, the government's ability to provide a "respectable bread-winning opportunity" and basic sustenance will be the ultimate test of its commitment to its most vulnerable citizens.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 MAR 2026

Page No. 29

# ضلع کیچ میں مستحق خاندانوں کے درمیان راشن کی تقسیم قابلِ تحسین اقدام

تحریر: چاکر بلوچ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کیچ میں مستحق خاندانوں کے درمیان راشن کی تقسیم ایک قابلِ تحسین اور بروقت اقدام ہے۔ ماہِ رمضان المبارک میں جہاں اخراجات میں اضافہ ہو جاتا ہے، وہیں کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے بنیادی ضروریات پوری کرنا ایک بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ ایسے میں حکومت کا یہ قدم یقیناً عوامی فلاح و بہبود کی طرف ایک مثبت پیش رفت ہے۔ ضلع کیچ، جو رقبے کے لحاظ سے بلوچستان کا ایک بڑا ضلع ہے، اپنے وسیع اور دور دراز علاقوں کی وجہ سے معاشی و سماجی مسائل کا سامنا کرتا رہتا ہے۔ بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں روزگار کے مواقع محدود ہیں اور لوگوں کی آمدنی انتہائی کم ہے۔ رمضان جیسے بابرکت مہینے میں ان مشکلات میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے، جس کے پیش نظر حکومت کی جانب سے راشن پیکج کی فراہمی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق صوبہ بھر میں ہزاروں کی تعداد میں مستحق خاندانوں میں رمضان پیکج تقسیم کیا گیا ہے۔ اس پیکج میں بنیادی اشیائے خورد و نوش شامل تھیں، جن میں آٹا، چاول، دالیں، چینی، گھی اور دیگر ضروری سامان شامل ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف مستحق گھرانوں کو سہولت ملی بلکہ انہیں رمضان کی عبادات یکسوئی کے ساتھ ادا کرنے کا موقع بھی فراہم ہوا۔ دور دراز علاقوں میں رہنے والے افراد اکثر حکومتی سہولیات سے محروم رہ جاتے ہیں، تاہم اس مرتبہ انتظامیہ کی جانب سے خصوصی اقدامات کے ذریعے ان علاقوں تک بھی راشن پہنچایا جا رہا ہے۔ مقامی سطح پر نمائندوں اور انتظامی عملے نے اس عمل کو شفاف بنانے میں اہم کردار ادا کیا، جس سے مستحقین کو بروقت امداد میسر آئی۔ عوامی حلقوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے ایک بہترین اور انسان دوست فیصلہ قرار دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں حکومت کی جانب سے ایسا ریلیف پیکج حقیقی معنوں میں عوامی خدمت ہے۔ خاص طور پر دیہاڑی دار طبقہ اس سے سب سے زیادہ مستفید ہوا ہے، جو روزمرہ کی کمائی پر انحصار کرتا ہے۔ یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ ایسے فلاحی اقدامات معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں۔ جب حکومت عوام کے ساتھ کھڑی نظر آتی ہے تو عوام کے اندر اعتماد اور اطمینان کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ رمضان کا مہینہ ویسے بھی ہمدردی، ایثار اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، اور حکومت کا یہ اقدام انہی اقدار کی عملی تصویر پیش کرتا ہے۔ ضلع کیچ جیسے پسماندہ علاقوں میں اس نوعیت کے اقدامات نہ صرف فوری ریلیف فراہم کرتے ہیں بلکہ طویل المدتی طور پر بھی مثبت اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اس سے غربت کے شکار خاندانوں کو وقتی سہارا ملتا ہے اور وہ اپنی بنیادی ضروریات بہتر انداز میں پوری کر سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مستقبل میں بھی ایسے فلاحی پروگرام باقاعدگی اور شفافیت کے ساتھ جاری رکھے جائیں۔ مستحقین کی درست نشاندہی اور منصفانہ تقسیم سے ہی اس طرح کے منصوبوں کی کامیابی ممکن ہے۔ ساتھ ہی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مقامی معیشت کو مضبوط بنانے کے اقدامات بھی ناگزیر ہیں تاکہ لوگ مستقل طور پر خود کفیل بن سکیں۔ ضلع کیچ میں رمضان پیکج کی تقسیم ایک مثبت اور امید افزا اقدام ہے، جس نے ہزاروں خاندانوں کے چہروں پر مسکراہٹ بکھیر دی۔ حکومت کے اس اقدام کو نہ صرف سراہا جانا چاہیے بلکہ اسے ایک مثال بنا کر آئندہ بھی عوامی فلاح کے منصوبے جاری رکھنے چاہییں تاکہ معاشرے کا ہر فرد باعزت اور بہتر زندگی گزار سکیں۔